شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

17مارچ2023ء

پریس ریلیز

آئی ایم ایف کا پاکستان کے ایٹمی اور میزائل پروگرام پر سوال اُٹھانا انتہائی تشویش ناک ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): آئی ایم ایف کا پاکستان کے ایٹمی اور میزائل پروگرام پر سوال اُٹھانا انتہائی تشویش ناک ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے قرآن اکیڈمی لاہور میں خطابِ جمعہ کے دوران کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ پاکستان ایک عرصہ سے آئی ایم ایف پروگرام کے تحت سودی قرضہ لے رہا ہے۔ لیکن یہ قرضہ پاکستان کی معیشت کو تقویت دینے کی بجائے اُسے کمزور کرتا رہا۔ ہم آغاز سے ہی آئی ایم ایف یا کسی بھی بین الاقوامی ادارے سے سودی قرضہ لینے کی شدت سے مخالفت کرتے رہے ہیں۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اِسے اپنے اور اپنے رسول ﷺ کے خلاف جنگ قرار دیا ہے پھر یہ کہ یہ قرضہ نہ صرف معاشی لحاظ سے ضرر رساں ہے بلکہ قرض خواہاں کے لیے ملک کے اندرونی معاملات میں مداخلت کا راستہ بھی کھولتا ہے۔ اب سینیٹ میں وزیر خزانہ کی تقریر سے واضح ہوگیا ہے کہ آئی ایم ایف امداد کے بدلے میں پاکستان کے ایٹمی اور میزائل پروگرام پر ضرب لگانا چاہتا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ حکومت اور ریاستی اداروں کے لیے لمحۂ فکریہ ہے کہ ایسی نوبت کیوں آئی۔ آخر آئی ایم ایف کو اب یہ جرأت کیوں حاصل ہوگئی ہے کہ اُس نے ہمارے قومی اثاثہ جات پر کھلم کھلا سوال اُٹھانا شروع کر دیا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ ملکی سلامتی کا تقاضا یہ ہے کہ سیاست دان اپنے اختلافات بالائے طاق رکھ کر اس نئے چیلنج کا مقابلہ کریں لیکن اگر سیاست دان باہم گتھم گتھا رہے تو دشمن قوتیں اپنے مذموم مقاصد حاصل کرنے کے لیے یونہی قدم بہ قدم آگے بڑھتی چلی جائیں گی اور پاکستان کی سلامتی شدید خطرات سے دوچار ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اسلام کے نام پر بننے والے پاکستان کو محفوظ و مامون رکھے۔ آمین!

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: Friday 17 March 2023

"It is a matter of great concern that IMF is questioning Pakistan's nuclear and missile programs."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): "It is a matter of great concern that IMF is questioning Pakistan's nuclear and missile programs."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, during the Khitab e Jumu'ah at Qur'an Academy Lahore. The Ameer lamented that Pakistan has been taking interest-laden loans from IMF for decades. This borrowing has not benefitted our economy in any way, but rather caused it to tank. We have been criticizing the trend of interest-laden borrowing from IMF and other money-lending institutions from the very beginning, as Allah *(SWT)* has declared interest (riba) to be a war against Him *(SWT)* and His Messenger *(SAAW)*. Moreover, not only is such borrowing detrimental for the economy, it also paves the way for the lenders to interfere in the internal affairs of our country. It has now become evident, following the recent speech delivered by the finance minister in the Senate, that IMF has painted a target on the nuclear and missile programs of Pakistan in return for lending us money. The Ameer said that it should be a warning sign and a matter of grave concern for the government and state institutions of Pakistan that how come has IMF dared to question the integrity of our strategic national assets. The Ameer said that the politicians must put their differences aside and unite to face this new challenge to the national security of the country, or else the enemy would keep striding towards achieving its nefarious designs and the national security of Pakistan would be at serious risk. The Ameer concluding by supplicating that may Allah (SWT) protect Pakistan, a country created on the basis of Islam, and make it successful. Aameen!

Issued by
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan